# 82439-خاوند کے ظلم کی بنا پر بیوی نے طلاق کا مطالبہ کر دیا

## سوال

ہماری شادی کو گیارہ ماہ ہوئے ہیں اور دو روز قبل میرے خاوند نے مجھے طلاق دے دی، اس نے ہماری اس طلاق کو خلع شمار کیا ہے، کیونکہ میں نے میرے خاوند کے ذمہ جو رقم تھی میں اس سے دستبردار ہوگئی، اس لیے کہ میں نے سمجھا کہ اس طلاق کو روکنے کے لیے یہی رقم کام کر سکتی ہے، نہ کہ ہمارے درمیان محبت و معاشرت؛اس لیے میں نے اس رقم سے دستر داری کا اعلان کر دیا، اور اس نے بڑی سہولت سے مجھے طلاق دے دی.

میں اپنے خاوند کو بہت پسند کرتی ہوں، اللہ تعالی سے میری دعا تھی کہ طلاق نہ ہو، اور میں نے استخارہ بھی کیا تھا اور عدالت میں خاموش رہی، میری نظر قاضی کو یہ کہہ رہی تھی کہ یہ طلاق نہیں ہونی چاہیے، اور جب قاضی نے مجھے دریافت کیا تم موافق اور مطمئن ہو تو میں نے اثبات میں جواب دیا تاکہ میری عزت محفوظ رہے جسے میرے خاوند اور اس کی پہلی بیوی نے مجروح کیا تھا ( کیونکہ میں اس کی دوسری بیوی ہوں ) میں درج کے بارہ میں استفسار کرنا چاہتی ہوں :

اول :

ہماری طلاق سے اللہ رحمن کا عرش ہل گیا، اس عبارت کا معنی کیا ہے ؟

دوم :

کیا اپنی عزت محفوظ رکھنے کے لیے میرا طلاق طلب کرنے سے اللہ ناراض تو نہیں ہوا، اور اس لیے کہ میرا خاوند اخراجات میں عدل نہیں کرتا تھا، اور بعض اوقات رات بسر کرنے میں بھی عدل نہیں کرتا تھا ؟

## پسندیدہ جواب

اول :

اللہ تعالی سے ہماری دعا ہے کہ وہ آپ کو ہر قسم کی خیر و بھلائی کی توفیق نصیب فرمائے، اور آپ کو دنیا و آخرت میں سعادت و عافیت عطا کرے، اور آپ کو نیک و صالح خاوند اور اولاد جیسا نعم البدل دے.

یہ علم میں رکھیں کہ آزمائش و ابتلاء تو دنیاوی زندگی کی سنت اور طریقہ ہے، اور مسلمن شخص کو چاہیے کہ وہ مصائب اور تکالیف برداشت کرنے کے لیے اپنے دل کو تیار رکھے اور لوگوں میں سب سے زیادہ اور بڑی مصیبت اس شخص کو پہنچتی ہے جس کا کوئی دوست یا محبوب فوت ہوجائے یا غائب ہو یا پھر جدائی ہو جائے، لیکن اللہ سجانہ و تعالی اپنے فضل و کرم اور احسان کے ساتھ لوگوں پر اپنی رحمت کے دروازے کھولتا رہتا ہے، اور ان کے لیے دوست و احباب ہونے میں آسانی پیدا کرتا ہے، اور ایسے لوگ فراہم کرتا ہے جو اس کی خیر و بھلائی پر مدد و تعاون کرتے ہیں، اس طرح اس کے دل سے بوجھ ہلکا ہو جاتا ہے اور وحشت جاتی رہتی ہے.

اس لیے جو کچھ ہو چکا آپ اس پر غمزدہ مت ہوں، کیونکہ بندے کو جو تکلیف آنے والی ہوتی ہے وہ آکر رہتی ہے اور پھر اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

.{ممکن ہے کہ تم کسی چیز کو بری جانو اور دراصل وہی تمہارے لیے بھلی ہو، اور یہ ممکن ہے کہ تم کسی چیز کو اچھی سمجھو حالانکہ وہ تمہارے لیے بری ہو، حقیقی علم اللہ ہی کو ہے، تم محض بے خبر ہو}.البقرۃ (213).

دوم :

اگر کوئی ایسا سبب ہو جو طلاق طلب کرنا مباح کرتا ہو تو عورت کے لیے خاوند سے طلاق طلب کرنا جائز ہے، مثلا اگر خاوند اپنی بیوی کے حقوق میں کوتاہی کرتا ہو یا پھر بیوی پر ظلم کرے اور اس کے ساتھ برے سلوک سے پیش آتا ہو، اور کسی نصیحت کرنے والے کی نصیحت قبول نہ کرے اور نہ ہی معاملات سدھارے اور بہتر طریقہ سے بیوی کے ساتھ حسن معاشرت نہ کرے تو بیوی کے لیے طلاق طلب کرنا مباح ہے.

لیکن بغیر کسی سبب کے عورت کا طلاق کرنا حرام بلکہ کبیرہ گناہ میں شامل ہوتا ہے.

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"جس عورت نے بھی اپنے خاوند سے بغیر کسی تنگی کے طلاق طلب کی تو اس پر جنت کی خوشبو حرام ہے"

سنن ابو داود حدیث نمبر (2226) سنن ترمذی حدیث نمبر (1187) علامہ البانی رحمہ اللہ نے صحیح ابو داود میں اسے صحیح قرار دیا ہے.

مبارکپوری رحمہ اللہ کہتے ہیں :

" یعنی بغیر کسی ایسی تنگی کے جس کی بنا پر علیحدگی طلب کرنے پر مجبور ہونا پڑے.

دیکھیں : تحفۃ الاحوذی (410/4).

اور حافظ ابن حجر رحمہ اللہ کہتے ہیں :

"خاوند سے طلاق طلب کرنے کی ترہیب میں جتنی بھی احادیث وارد ہیں انہیں اس پر محمول کیا جائیگا کہ اگر کوئی ایسا سبب نہ پایا جائے جو طلاق طلب کرنے کو مباح کرتا ہو" انتہی

دیکھیں : فتح الباری (402/9).

مزید آپ سوال نمبر (9481) اور (12496) اور (1859) کے جوابات کا مطالعہ ضرور کریں.

اور خلع کرنا بھی جائز اس صورت میں جائز ہے جب اس کا کوئی شرعی سبب ہو، تاکہ ظلم مٹایا جائے یا پھر حقوق کی حفاظت ہو، یا اس کے علاوہ کوئی اور عذر پایا جائے، اس کی تفصیل سوال نمبر (1859) میں بیان ہو چکی ہے آپ اس کا مطالعہ کریں.

بغیر کسی سبب یا پھر عذر کے خلع طلب کرنا حرام ہے.

حدیث میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"خلع لینے والیاں منافقات میں سے ہیں"

سنن ترمذی حدیث نمبر (1186) سنن نسائی حدیث نمبر (3461)، لیکن نسائی اور ترمذی نے اس حدیث کو ضعیف کہا ہے.

اور ابن قدامہ رحمہ اللہ کہتے ہیں :

امام احمد رحمہ اللہ نے اس حدیث کو بطور حجت اور دلیل ذکر کیا ہے، اور امام احمد اس کی تصحیح کی طرح مائل ہیں جیسا کہ فتح الباری (403/9) میں بیان کیا ہے.

دیکھیں : المغنی (248/7).

اور علامہ البانی رحمہ اللہ نے صحیح سنن ترمذی حدیث نمبر (1186) میں اسے صحیح قرار دیا ہے.

مبارکپوری رحمہ اللہ کہتے ہیں :

"یعنی : وہ عورتیں جو اپنے خاوند سے بغیر کسی سبب اور تنگی کے طلاق اور خلع طلب کرتی ہیں" انتہی

دیکھیں : تحفۃ الاحوذی (409/4).

سوم :

جب خاوند ایک سے زائد شادیاں کرے تو اس پر واجب ہے کہ وہ شادی کی شرط پوری کرے جبکہ اللہ کا فرمان ہے :

.{اگر تمہیں خدشہ ہو کہ عدل نہیں کر سکو گے تو پھر ایک ہی کافی ہے }.النساء (3).

اگر اسے علم ہو جائے کہ وہ کسی ایک بیوی کے حق میں کوتاہی کریگا تو اس کے لیے اسے معلق کرنا اور اس پر ظلم کرنا جائز نہیں، بلکہ اس پر واجب ہے کہ وہ اس کا نفقہ اور بیت یعنی شب بسری اور معاشرت کو اچھے طریقہ سے ادا کرکے اس حق ادا کرے، اور سب بیویوں کے مابین عدل کرے، اگر ایسا نہیں کر سکتا تو پھر اچھے طریقہ سے چھوڑ دے اور احسان یہی ہے کہ وہ عورت کا کوئی مال نہ لے.

اور آپ سوال نمبر (45600) کے جواب کا بھی مطالعہ کریں.

اور اگر خاوند احسان کے ساتھ چھوڑنے سے انکار کر دے اور بیوی پر ظلم کرنے سے بھی باز نہ آئے اور اس کی پرواہ نہ کرے اور بیوی اس سے جلدی فارغ ہونے کی رغبت رکھتی ہو چاہے اس کے لیے اسے معاوضہ بھی ادا کرنا پڑے جس سے راضی ہو کر خاوند اسے چھوڑ دے تو عورت کو ایسا کرنے کا حق حاصل ہے اور گناہ خاوند پر ہوگا، اور اس صورت میں جو مال وہ بیوی سے لے رہا ہے وہ حرام ہے.

اس کی تفصیل سوال نمبر (42532) کے جواب میں بیان ہو چکی ہے آپ اس کا مطالعہ کریں.

چہارم :

رہا یہ سوال کہ : طلاق سے اللہ رحمن کا عرش ہل جاتا ہے ؟

اس سلسلہ میں کوئی صحیح دلیل نہیں ملتی، بلکہ اس کے بارہ میں جو حدیث مروی ہے وہ موضوع و من گھڑت اور جھوٹ ہے.

اس کی تفصیل سوال نمبر (43498) میں بیان ہو چکی ہے اس کو دیکھا جا سکتا ہے.

واللہ اعلم.